# یونیورسٹی آف سرگودھا، سرگودھا

## اشتہار نیلام عام استعمال شدہ/ناکارہ سامان

ہر خاص و عام کو بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ یونیورسٹی آف سرگودھا میں مندرجہ ذیل استعمال شدہ/ ناقابل مرمت/ ناکارہ سامان برائے فروخت ہے۔ تفصیل درج ذیل ہے۔

ہر قسم کے ناکارہ سامان کے مندرجہ ذیل گروپس کی بولی الگ الگ کی جائے گی۔ ناکارہ سامان کی اقسام/گروپس مندرجہ ذیل ہیں۔

| نمبر شمار | اشیاء | تفصیل | Lot | اندازہ قیمت | سیکیورٹی رقم |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | امتحانی جوابی کاپیاں بمعہ لفافہ جات | استعمال شدہ/پرانی | Lot-1 | 65/kg | مبلغ -/200,000 |
| 2 | موبل آئل | استعمال شدہ | Lot-2 | 130/L | مبلغ -/100,000 |
| 3 | بس باڈیز | استعمال شدہ/ناکارہ | Lot-3 | 1850,000 | مبلغ -/100,000 |
| 4 | درخت (کالج آف ایگریکلچر) | سوکھے، کٹے اور گرے ہوئے | Lot-4 | -- | مبلغ -/100,000 |

۱۔ استعمال شدہ/ناکارہ اشیاء تفصیل فہرست کے مطابق نیلامی مورخہ 20-11-2025 بوقت 11:00 بجے دن ریذیڈنٹ آفس (ملحقہ اسٹیٹ اینڈ سکیورٹی ونگ) مین کیمپس یونیورسٹی آف سرگودھا میں ہوگی۔

۲۔ بولی دہندہ مذکورہ بالا سکیورٹی رقم بذریعہ کال ڈیپازٹ بطور زرضمانت بنام ٹریژرر یونیورسٹی آف سرگودھا بمعہ شناختی کارڈ کی کاپی کے ساتھ جمع کروانا ہوگی۔ ایک گروپ میں ناکام بولی کی صورت میں بولی دہندہ کی کال ڈیپازٹ دوسرے گروپ میں بولی دینے کیلئے استعمال نہ ہوسکے گی۔ تاہم ناکام بولی دہندہ کو زرضمانت نیلامی کا عمل مکمل ہونے کے بعد واپس کردی جائے گی۔

۳۔ کامیاب بولی دہندہ سے کل بولی کی رقم کا 25% حصہ نقد وصول کیا جائے گا۔ عدم ادائیگی کی صورت میں زرضمانت فوری ضبط کر لی جائے گی اور نیلامی دوبارہ عمل میں لائی جائے

۴۔ استعمال شدہ جوابی کاپیوں کی بولی میں کامیاب بولی دہندہ کو مبلغ تین لاکھ روپے نقد بطور ایڈوانس موقع پر جمع کروانا لازمی ہوگا۔ تاہم یہ رقم بعد ازاں حتمی وزن اور حساب میں ایڈجسٹ کر لی جائے گی۔ مقررہ رقم ادا نہ کرنے کی صورت میں بولی کینسل کر دی جائے گی اور زر ضمانت /ڈیمانڈ ڈرافٹ /پے آرڈر ضبط کر لیا جائے گا۔

۵۔ کامیاب بولی دہندہ باقی ماندہ بولی کی رقم کمیٹی کی طرف سے مقررہ کردہ مدت کے اندر جمع کروانا ہوگی بصورت دیگر جمع شدہ رقم ضبط کر کے بولی کینسل کر دی جائے گی۔

۶۔ واجبات کی ادائیگی اور معاہدے کی تکمیل بعد ریذیڈنٹ کامیاب بولی دہندہ کے نام اجازت نامہ جاری کرے گا

۷۔ کامیاب بولی دہندہ نیلام شدہ سامان اپنے خرچ پر کمیٹی کی مقررہ مدت کے اندر اٹھانے کا پابند ہوگا۔ مقررہ مدت سے تجاوز پر کمیٹی کی جانب سے عائد جرمانہ ادا کرنا ہوگا۔ تاہم مدت میں توسیع یا جرمانے میں کمی/معافی کا اختیار کمیٹی کو حاصل ہوگا۔

۸۔ کامیاب بولی دہندہ اسٹام پیپر پر اپنے خرچ پر یونیورسٹی کے ساتھ باضابطہ معاہدہ کرے گا۔

۹۔ کامیاب بولی دہندہ کو حکومت کی جانب سے مقررہ کردہ شرح کے مطابق مروجہ سرکاری ٹیکسز مثلاً انکم ٹیکس/ ایڈوانس ٹیکس/ سیلز ٹیکس وغیرہ بولی کی رقم پر الگ سے جمع کروانا ہوں گے۔

۱۰۔ حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے آکشن کمیٹی کو اختیار ہوگا کہ وہ کوئی بھی بولی کلی یا جزوی طور پر مسترد کر دے یا نیلامی کو ہی کینسل کر دے۔ جس کو کسی بھی فورم یا عدالت میں چیلنج نہ کیا جاسکے گا۔

۱۱۔ شرائط و ضوابط میں کسی بھی موقع پر رد و بدل کا اختیار جناب وائس چانسلر صاحب کے پاس ہے۔

۱۲۔ مذکورہ بالا تاریخ پر نیلامی بوجوہ کینسل ہونے کی صورت میں مذکورہ بالا نیلامی اگلے ہر ماہ کی 05 تاریخ کو انعقاد کیا جائے گا۔ جو کہ 05 دسمبر 2025 کو حتمی و آخری نیلامی ہوگی۔

۱۳۔ اوپن آکشن کا یہ اشتہار PPRA کی ویب سائیٹ پر دیکھا جاسکتا ہے۔

۱۴۔ خواہش مند حضرات شرائط و ضوابط بلا معاوضہ حاصل کرنے کے لیے مقررہ تاریخ سے قبل دفتری اوقات میں زیر دستخطی کے دفتر سے رابطہ کریں۔ موقع پر کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

ریذیڈنٹ آفیسر
جامعہ سرگودھا، سرگودھا
فون نمبر 0489230195